
پہلی جماعت کے لیے

# اِسلَامیات

## رہنمائے استاد




مصنّفین
نیلما کنول
آسیہ سحر

# ہمارا پیارا اللہ تعالیٰ

صفحہ نمبر ۱۱:

سوچیں اور بتائیں

کیا ہم اللہ تعالیٰ سے چُھپ کر کوئی کام کر سکتے ہیں؟

بچّوں کا ممکنہ جواب: جی نہیں ہم اللہ تعالیٰ سے چُھپ کر کوئی کام نہیں کرسکتے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہرجگہ موجود ہے۔ وہ ہمیں ہر وقت دیکھتا رہتا ہے۔

صفحہ نمبر ۱۲:

## مشق

سوال ۱: ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

جواب: ہم سب کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔

سوال ۲: دنیا کے سارے کام کس کے حکم سے ہوتے ہیں؟

جواب: دنیا کے سارے کام اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہوتے ہیں۔

سوال ۳: کسی بھی مشکل میں ہمیں کس کو یاد کرنا چاہیے؟

جواب: کسی بھی مشکل میں ہمیں اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا چاہیے۔

خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ ہمارا.............مالک............ہے۔

۲۔ سچّی توبہ کرنے پر اللہ تعالیٰ ..............معاف..............کر دیتا ہے۔

۳۔ ہمیں صرف اللہ تعالیٰ کی ..............عبادت..............کرنی چاہیے۔

صفحہ نمبر ۱۳:

سرگرمی

اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چھ چیزوں کی تصویریں اپنی کاپی میں لگائیے اور ہر تصویر کے نیچے اس چیز کا نام بھی لکھیے۔

حل: (بچّوں کو یہ سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔ اُنھیں اپنے اردگرد کے ماحول پر نظر ڈالنے کو کہا جائے اس طرح وہ بآسانی یہ سرگرمی کرسکیں گے)

# ہمارا مذہب اسلام

**صفحہ نمبر ۱۵:**

**سوچیں اور بتائیں**

اسلام ہمیں کیسے کام کرنے کا حکم دیتا ہے؟

**بچّوں کا ممکنہ جواب:** اسلام ہمیں اچھے کام کرنے کا حکم دیتا ہے۔

**صفحہ نمبر۱۶:**

**سرگرمی**

اسلام کی عمارت پانچ ستونوں پر کھڑی ہے۔ ان ستونوں میں ارکانِ اسلام کے نام لکھیے اور تصویر میں رنگ بھریئے۔

**حل:** بچّوں کو یہ سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔

**صفحہ نمبر۱۷:**

**سرگرمی**

اسلام ہمیں جن کاموں کا حکم دیتا ہے اُن میں سے کوئی ۳ کام ٹیچر یا والدین کی مدد سے لکھیے۔

**حل:** بچّوں کو یہ سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔ مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

۱۔ امّی ابّو کی خدمت کرنا

۲۔ دوسروں کی مدد کرنا

۳۔ بڑوں کا ادب کرنا

## مشق

سوال ۱: ہم سب کون ہیں؟

جواب: ہم سب مسلمان ہیں۔

سوال ۲: ہمارا مذہب کیا ہے؟

جواب: ہمارا مذہب اسلام ہے۔

سوال ۳: اسلام کے کیا معنی ہیں؟

جواب: اسلام کے معنی ہیں ''اللہ کا حکم ماننا''۔

صحیح جواب چُن کر خالی جگہ پُر کریں۔

| | |
|---|---|
| ۱۔ اسلام کے ......پانچ...... ارکان ہیں۔ | (چار۔ پانچ۔ چھ) |
| ۲۔ ......اسلام...... ہمیں سکھاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ | (اسلام۔ استاد۔ مدرسہ) |
| ۳۔ اسلام دنیا کا سب سے اچھا ......مذہب...... ہے۔ | (رسالہ۔ حوالہ۔ مذہب) |
| ۴۔ اسلام کا پہلا رُکن ......کلمۂ طیّب...... ہے۔ | (کلمۂ طیّب۔ روزہ۔ حج) |

# نماز

**صفحہ نمبر ۱۹:**

سرگرمی

تصویریں دیکھ کر ناموں کو اُن کے صحیح خانوں میں لکھیے: (مسجد۔ جائے نماز۔ تسبیح۔ وضو)

**حل:** بچّوں کو یہ سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔

**صفحہ نمبر ۲۰:**

سرگرمی

نیچے دی ہوئی نمازوں کو اُن کے صحیح وقت سے ملائیے۔

**حل:** بچّوں کو یہ سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔ مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں۔

| نماز کا نام | نماز کا وقت |
|---|---|
| ۱۔ فَجر | شام |
| ۲۔ ظُہر | رات |
| ۳۔ عَصر | صبح |
| ۴۔ مَغرِب | دوپہر |
| ۵۔ عِشاء | سہ پہر |

سوچیں اور بتائیں

اللہ تعالیٰ کا شُکر ادا کرنے کا سب سے اچھا طریقہ کیا ہے؟

**بچّوں کا ممکنہ جواب:** اللہ تعالیٰ کا شُکر ادا کرنے کا سب سے اچھا طریقہ نماز ہے۔

## مشق

سوال ۱: اللہ تعالیٰ کا شُکر ادا کرنے کے لیے ہم کیا کرتے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کا شُکر ادا کرنے کے لیے ہم نماز پڑھتے ہیں۔

سوال ۲: نماز کس پر اور کتنی بار فرض ہے؟

جواب: نماز ہر مسلمان پر دن میں پانچ بار فرض ہے۔

سوال ۳: فرض نمازوں کے نام لکھیے۔

جواب: فجر۔ظہر۔عصر۔مغرب۔عشاء۔

سوال ۴: ہمارے پیارے نبی ﷺ نے نماز کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

جواب: ہمارے پیارے نبی ﷺ نے نماز کے بارے میں فرمایا ہے کہ،''نماز دین کا ستون ہے۔''

خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ نماز ہمیں .........برائیوں.........سے بچاتی ہے۔

۲۔ نماز اللہ تعالیٰ کی .........عبادت.........کا نام ہے۔

۳۔ .........نماز.........پڑھنے سے پہلے وضو کرنا ضروری ہے۔

۴۔ نماز پڑھنے سے .........اللہ تعالیٰ.........خوش ہوتا ہے۔

# صفائی

**صفحہ نمبر۲۲:**

**سرگرمی**

تصویر دیکھ کر نیچے دی گئی جگہ پر ''صاف'' یا ''گندا'' لکھیے۔

**حل:** (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے)

**سوچیں اور بتائیں**

اگر آپ روزانہ اپنے دانتوں کی صفائی نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟

**بچّوں کے ممکنہ جوابات:**

۱۔ ہمارے دانت گندے ہو جائیں گے۔

۲۔ جراثیم ہمارے دانتوں کو خراب کر دیں گے۔

۳۔ ہمارے دانت پیلے ہو جائیں گے۔

۴۔ ہمارے منہ سے بدبو آئے گی۔

۵۔ گندے دانتوں سے کھانا کھانے سے ہم بیمار پڑ جائیں گے۔

**صفحہ نمبر۲۳:**

**سرگرمی**

چارٹ میں دی گئی چیزوں کو غور سے پڑھیے اور ان کی صفائی کے لیے جو چیزیں استعمال کی جاتی ہیں، اُن کے نام سامنے لکھیے۔

**حل:** (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔ مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

۱۔ دانتوں کی صفائی ............ پانی۔ٹوتھ برش۔ٹوتھ پیسٹ۔منجن ............

۲۔ چہرے کی صفائی ............ پانی۔منہ دھونے کا صابن ............

۳۔ بالوں کی صفائی ............ پانی۔شیمپو۔صابن ............

۴۔ کپڑوں کی صفائی ............ پانی۔واشنگ پاوڈر۔صابن ............

۵۔ برتنوں کی صفائی ............ پانی۔صابن ............

۶۔ فرش کی صفائی ............ پانی۔واشنگ پاوڈر ............

(نوٹ: اگر بچّے کسی چیز کی جگہ Brand name مثلاً ٹوتھ پیسٹ کی جگہ Colgate یا منہ دھونے کے لیے صابن کے بجائے Lux وغیرہ لکھیں تو اُسے درست مانا جائے)

## مشق

سوال۱: پاک صاف رہنے سے کیا ہوتا ہے؟

جواب: پاک صاف رہنے سے انسان صحت مند رہتا ہے۔

سوال۲: ہمیں کن کن چیزوں کی صفائی کا خیال رکھنا چاہیے؟

جواب: ہمیں اپنے جسم، دانت، ناخن، بال، کپڑے، موزے وغیرہ ہمیشہ صاف رکھنے چاہییں۔

سوال۳: صفائی کے بارے میں ہمارے پیارے نبی ﷺ نے کیا فرمایا؟

جواب: صفائی کے بارے میں ہمارے پیارے نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ: ''صفائی نصف (آدھا) ایمان ہے۔''

مندرجہ جملوں پر ✓ یا ✗ کے نشان لگایئے۔

۱۔ پیارے نبی ﷺ ہمیشہ پاک صاف رہتے تھے۔ ✓

۲۔ جسم اور کپڑوں کی صفائی نہ ہو تو بدبو آئے گی۔ ✓

۳۔ صاف ستھرے بچّوں کو کوئی پسند نہیں کرتا۔ ✗

# سلام

صفحہ نمبر۲۵:

نقطے جوڑیں، رنگ بھریں اور ترجمہ لکھیں۔

حل: (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے)

صفحہ نمبر۲۶:

سوچیں اور بتائیں

جب آپ صبح کلاس میں داخل ہوں تو سب سے پہلے کیا کہنا چاہیے؟

بچّوں کا ممکنہ جواب: ''السَّلامُ علیکم'' کہنا چاہیے۔

## مشق

سوال۱: مسلمان جب آپس میں ملتے ہیں تو کیا کہتے ہیں؟

جواب: مسلمان جب آپس میں ملتے ہیں تو ''السَّلامُ علیکم'' کہتے ہیں۔

سوال۲: ''السَّلامُ علیکم'' کے کیا معنی ہیں؟

جواب: السَّلامُ علیکم کے معنی ہیں'' آپ پر سلامتی ہو۔''

سوال۳: ''وعلیکم السَّلام'' کے کیا معنی ہیں؟

جواب: ''وعلیکم السَّلام'' کے معنی ہیں'' آپ پر بھی سلامتی ہو۔''

سوال۴: اللہ تعالیٰ نے سلام کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے سلام کے بارے فرمایا ہے کہ،

''جب تم لوگ گھر میں داخل ہو تو اپنے گھر والوں کو سلام کرو۔'' (سورۂ نور:۶۱)

سوال ۵: پیارے نبی ﷺ نے سلام کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

جواب: پیارے نبی ﷺ نے سلام کے بارے میں یہ فرمایا کہ،'' اللہ کے قریب وہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرے۔''

صحیح جواب چُن کر خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ سلام کرنے سے ........محبّت........ بڑھتی ہے۔
(محبّت ۔ دولت ۔ راحت)

۲۔ اگر ہم سب کو سلام کریں گے تو سب ہمارے ........دوست........ بن سکتے ہیں۔
(پڑوسی ۔ دشمن ۔ دوست)

۳۔ اللہ کے زیادہ قریب وہ ہے جو سلام کرنے میں ........پہل........ کرے۔
(دیر ۔ پہل ۔ سستی)

مندرجہ جملوں پر ✓ یا ✗ کے نشان لگایئے۔

۱۔ سلام کے ذریعے ہم دوسروں کو سلامتی کی دُعا دیتے ہیں۔ ✓
۲۔ گھر میں داخل ہوتے وقت سب سے پہلے بات کرنی چاہیے۔ ✗
۳۔ صبح سو کر اُٹھیں تو سب کو سلام کریں۔ ✓

# اچّھی باتیں

صفحہ نمبر ۲۸:

سوچیں اور بتائیں

اگر ہم اچھے کاموں کے بجائے بُرے کام کریں گے تو کیا ہوگا؟

بچّوں کے ممکنہ جوابات:

۱ ۔ اللہ تعالیٰ ہم سے ناراض ہوجائے گا۔
۲ ۔ ہم دوزخ میں جائیں گے۔
۳ ۔ لوگ ہمیں پسند نہیں کریں گے۔

سرگرمی

کوئی سے دو اچھے کام ٹیچر یا والدین کی مدد سے لکھیے ۔

حل:

(بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔ مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں ۔)

۱۔ سب کے ساتھ مل جل کر رہنا

۲۔ کھیلنے کے بعد کھلونے جگہ پر رکھنا

# تَعَوُّذ

صفحہ نمبر ۲۹:

سوچیں اور بتائیں

آپ کے دل میں بلاوجہ چُھٹی کرنے کا خیال کون ڈالتا ہے؟

بچّوں کا ممکنہ جواب: شیطان ڈالتا ہے۔

صفحہ نمبر ۳۰:

سرگرمی

نیچے دیئے گئے کاموں میں سے شیطان آپ کو کون سا کام کرنے سے روکے گا اور کون سا کام کرنے سے نہیں روکے گا۔ چُن کر الگ الگ لکھیے۔

حل: (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔مثال کے لیے جوابات لکھے جارہے ہیں)

| شیطان روکے گا | شیطان نہیں روکے گا |
|---|---|
| ا۔ قرآن پڑھنے سے | ا۔ چوری کرنے سے |
| ۲۔ دوسروں کی مدد کرنے سے | ۲۔ گالی دینے سے |
| ۳۔ صاف رہنے سے | ۳۔ لڑائی کرنے سے |
| ۴۔ ہوم ورک کرنے سے | ۴۔ کچرا پھیلانے سے |
| ۵۔ نماز پڑھنے سے | ۵۔ جھوٹ بولنے سے |

## مشق

سوال ۱: شیطان کون ہے؟

جواب: شیطان ہمارا دشمن ہے۔

سوال ۲: تعوّذ کے کیا معنی ہیں؟

جواب: تعوّذ کے معنی ہیں ”میں اللہ کی پناہ مانگتا / مانگتی ہوں، شیطان مردود سے بچنے کے لیے۔“

سوال ۳: تعوّذ پڑھ کر ہم کس کی پناہ میں آجاتے ہیں؟

جواب: تعوّذ پڑھ کر ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آجاتے ہیں۔

# تَسْمِیَہ

**صفحہ نمبر ۳۱:**

سوچیں اور بتائیں

کسی کام کو کرنے سے پہلے تسمیہ کیوں پڑھنا چاہیے؟

**بچّوں کے ممکنہ جوابات:**

۱۔ تا کہ ہمارے کام میں برکت ہو۔

۲۔ اللہ کا نام لینے سے کام اچھا ہو جاتا ہے۔

۳۔ ہمارا کام آسانی سے ہو۔

**صفحہ نمبر ۳۲:**

سرگرمی

ٹیچر یا والدین کی مدد سے چار ایسے کام لکھیے جن کو کرنے سے پہلے ہمیں تسمیہ پڑھنا چاہیے۔

**حل:**

(بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

۱۔ کھانا کھانے سے پہلے ۲۔ اپنا بستہ کھولنے سے پہلے

۳۔ کھیلنے سے پہلے ۴۔ ہوم ورک کرنے سے پہلے

نقطے جوڑیں، رنگ بھریں۔

**حل:**

(بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے)

## مشق

سوال ۱: ہر اچھا کام شروع کرنے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب: ہر اچھا کام شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنا چاہیے۔

سوال ۲: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کا کیا مطلب ہے؟

جواب: ''شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔''

خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ............ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہماری مدد کرتا ہے۔

۲۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کو ............ تسمیہ ............ کہتے ہیں۔

۳۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنے سے ہمارے کام میں ............ برکت ............ ہوتی ہے۔

# آسمانی کِتابیں

صفحہ نمبر۳۵:

سرگرمی

کون سی کتاب کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟ چاند اور تاروں میں ایک جیسا رنگ کر کے جواب مکمل کریں۔

حل:

(بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

توریت ⟵ حضرت موسیٰ علیہ السَّلام

زبور ⟵ حضرت داؤد علیہ السَّلام

انجیل ⟵ حضرت عیسیٰ علیہ السَّلام

قرآن مجید ⟵ حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

صفحہ نمبر۳۶:

سوچیں اور بتائیں

اللہ تعالیٰ کی باتیں کہاں لکھی ہوئی ہیں؟

بچّوں کا ممکنہ جواب: اللہ تعالیٰ کی باتیں قرآن پاک میں لکھی ہوئی ہیں۔

سرگرمی

قرآن مجید کی کوئی سی چار سورتوں کے نام ٹیچر یا والدین کی مدد سے لکھیے۔

حل:

(بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

۱۔ سورۂ اخلاص ۲۔ سورۂ کوثر ۳۔سورۂ جن ۴۔سورۂ فلق

## مشق

سوال۱: اللہ تعالیٰ کی خاص کتابوں کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی خاص کتابوں کو ’’آسمانی کتابیں‘‘ کہتے ہیں۔

سوال۲: آسمانی کتابیں کتنی ہیں اور کن پیغمبروں پر نازل ہوئیں؟

جواب: آسمانی کتابیں چار ہیں اور جن پیغمبروں پر یہ نازل ہوئیں اُن کے نام یہ ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| توریت | ـــــ | حضرت موسیٰ علیہ السّلام |
| زبور | ـــــ | حضرت داوٗد علیہ السّلام |
| انجیل | ـــــ | حضرت عیسیٰ علیہ السّلام |
| قرآن مجید | ـــــ | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

سوال۳: اللہ تعالیٰ کی سب سے آخری اور مکمل کتاب کون سی ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی سب سے آخری اور مکمل کتاب قرآن مجید ہے۔

سوال۴: قرآن مجید میں کتنے پارے اور کتنی سورتیں ہیں؟

جواب: قرآن مجید میں ۳۰ پارے اور ۱۱۴ سورتیں ہیں۔

صحیح جواب چُن کر خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ قرآن مجید کے ایک حرف کی تلاوت کرنے پر.............۱۰.............نیکیوں کا ثواب ملتا ہے۔

(۱۰۔ ۲۵۔ ۲۰)

۲۔ قرآن مجید.........عربی.........زبان میں ہے۔

(فارسی۔ عربی۔ اُردو)

۳۔ قرآن مجید حضرت.........جبرئیل.........علیہ السّلام کے ذریعے نازل ہوا۔

(میکائیل۔ اسرافیل۔ جبرائیل)

۴۔ قرآن مجید تقریباً.........۲۳.........سال میں نازل ہوا۔

(۲۳۔ ۲۴۔ ۲۵)

# اللہ تعالیٰ کے پیغمبر

صفحہ نمبر ۴۸:

سوچیں اور بتائیں

پیغمبروں نے ہمیں اچھی باتیں کیوں بتائیں؟

بچّوں کے ممکنہ جوابات:

ا۔ اللہ تعالیٰ ہم سے خوش ہو۔ ۲۔ تا کہ ہم اچھّے کام کریں۔

۳۔ ہم اللہ کے اچھے بندے بن جائیں۔

سرگرمی

سبق میں دیئے گئے پیغمبروں کے علاوہ چار پیغمبروں کے نام ٹیچر یا والدین کی مدد سے لکھیے۔

حل:

(بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

ا۔ حضرت نوح علیہ السّلام ۲۔ حضرت داوٗد علیہ السّلام

۳۔ حضرت یونس علیہ السّلام ۴۔ حضرت سلیمان علیہ السّلام

## مشق

سوال ا: پیغمبر کا کیا مطلب ہے؟

جواب: پیغمبر کا مطلب ہے ’’اللہ تعالیٰ کا پیغام لانے والا‘‘

سوال ۲: اللہ تعالیٰ نے تقریباً کتنے پیغمبر بھیجے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے۔

خالی جگہ پُر کریں۔

ا۔ پیغمبر اللہ تعالیٰ کے .........خاص......... بندے تھے۔

۲۔ پیغمبروں نے ہم تک اللہ تعالیٰ کا .........پیغام......... پہنچایا۔

۳۔ سب سے پہلے پیغمبر حضرت .........آدم......... علیہ السّلام تھے۔

۴۔ سب سے آخری پیغمبر ہمارے پیارے نبی حضرت .........محمّد......... صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ہیں۔

# حضرت آدم علیہ السّلام

صفحہ نمبر۴۲:

سوچیں اور بتائیں

ہم سب کا دشمن کون ہے اور وہ کیا چاہتا ہے ؟

بچّوں کا ممکنہ جواب: ہم سب کا دشمن شیطان ہے اور وہ چاہتا ہے کہ ہم بُرے کام کریں تاکہ اللہ تعالیٰ ہم سے ناراض ہوجائے۔

## مشق

سوال۱: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو کس چیز سے بنایا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو مٹی سے بنایا؟

سوال۲: کس نے حضرت آدمؑ کو سجدہ کرنے سے انکار کیا؟

جواب: شیطان نے حضرت آدمؑ کو سجدہ کرنے سے انکار کیا۔

سوال۳: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ اور بی بی حوا کو کس چیز سے منع کیا تھا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ اور بی بی حواؑ کو ایک درخت کا پھل کھانے سے سختی سے منع کیا تھا۔

سوال۴: شیطان کے بہکانے پر حضرت آدمؑ اور بی بی حواؑ نے کیا کیا؟

جواب: دونوں نے شیطان کے بہکانے پر وہ پھل کھالیا۔

سوال۵: زمین پر اللہ تعالیٰ کا سب سے پہلا گھر کس نے بنایا؟

جواب: زمین پر اللہ تعالیٰ کا سب سے پہلا گھر حضرت آدمؑ نے بنایا۔

خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ حضرت آدمؑ دنیا کے سب سے ......پہلے...... پیغمبر اور سب سے پہلے ......انسان...... ہیں۔

۲۔ حضرت آدمؑ کی بیوی کا نام ......بی بی حواؑ...... تھا۔

۳۔ ......فرشتوں...... نے حضرت آدمؑ کو سجدہ کیا۔

۴۔ اللہ تعالیٰ نے ......شیطان...... کو نافرمانی کرنے پر جنّت سے نکال دیا۔

# ہمارے پیارے نبی صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

صفحہ نمبر ۴۴:

سرگرمی

دیئے گئے ناموں سے حضرت محمدّ ﷺ کا کیا رشتہ تھا؟ نام کے سامنے رشتہ لکھیے۔

حل: (بچّوں کو سرگرمی خود کرنے کو دی جائے۔۔مثال کے لیے جوابات لکھے جا رہے ہیں)

## حضرت محمدّ ﷺ

| نام | رشتہ |
|---|---|
| ا۔ حضرت بی بی آمنہ | امّی |
| ۲۔ حضرت ابو طالب | چچّا |
| ۳۔ حضرت عبداللہ | ابّو |
| ۴۔ حضرت عبدالمطلب | دادا |

سوچیں اور بتائیں

ہمارے پیارے نبی حضرت محمدّ ﷺ نے ہمیں کس کی عبادت کرنے کا حکم دیا؟

بچّوں کا ممکنہ جواب: اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کا حکم دیا۔

## مشق

سوال ۱: پیارے نبی ﷺ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: آپ ﷺ عرب کے مشہور شہر مکّہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

سوال ۲: پیارے نبی ﷺ کے ابوّ اور امّی کا کیا نام ہے؟

جواب: آپ ﷺ کے ابوّ کا نام حضرت عبداللہ اور امّی کا نام بی بی آمنہ ہے۔

سوال ۳: آپ ﷺ کا انتقال کس عمر میں ہوا؟

جواب: آپ ﷺ کا انتقال ۶۳ سال کی عمر میں ہوا۔

سوال ۴: آپ ﷺ کا روضہء مبارک کہاں ہے؟

جواب: آپ ﷺ کا روضہء مبارک مدینہ منوّرہ میں ہے۔

سوال ۵: کیا آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی آئے گا؟

جواب: آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں اور آپ ﷺ کے بعد کوئی اور نبی نہیں آئے گا۔

مندرجہ ذیل جملوں پر ✓ یا ✗ کے نشان لگایئے۔

۱۔ آپ ﷺ کا تعلق قریش قبیلے سے تھا۔ ☑

۲۔ جب آپ ﷺ آٹھ سال کے تھے تو آپ ﷺ کی امّی کا انتقال ہو گیا۔ ☒

۳۔ آپ ﷺ کی امّی کے انتقال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش دادا نے کی۔ ☑

اسلامیات کا یہ نصابی سلسلہ ابتدائی اوّل (نرسری) جماعت سے دسویں جماعت تک کے طلباء کے لیے اپنی نوعیت کا ایک مُنفرد سلسلہ ہے۔ ان کُتب کو مُرتّب کرتے وقت طلباء کی ذہنی استعداد کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے لہٰذا آسان اور عام فہم زبان میں اسلام کے بنیادی عقائد کو نہ صرف خوبصورت انداز میں پیش کیا گیا ہے بلکہ اس طرح کی سرگرمیاں بھی ترتیب دی گئی ہیں جو اسلامی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصّہ بنانے میں بے حد مددگار رہوں گی۔

اساتذہ کی ہر ممکن رہنمائی کے ساتھ ساتھ طلباء کی ذہنی نشوونما کے لیے ایسی مشقیں ترتیب دی گئی ہیں جو طلباء میں غور و فکر کی عادت پیدا کرنے، اعلیٰ کردار کی تعمیر کرنے، صحت مند اسلامی معاشرے کی بنیاد ڈالنے اور معاشرتی مسائل کو حل کرنے میں اُن کی معاون ثابت ہوں۔

حکومتِ پاکستان کی نئی تعلیمی پالیسی کو مدِّنظر رکھتے ہوئے ان کتابوں کا مواد قرآن و سنّت کی روشنی میں مُستند ذرائع استعمال کرتے ہوئے جمع کیا گیا ہے اور نصاب کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ طلباء آگے چل کر بورڈ کے امتحانات میں بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں۔ اس بات کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ کتابیں مکمل طور پر جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوں تاکہ مضمون میں طلباء کی دلچسپی مسلسل برقرار رہے۔ اس سلسلہ کو مزید بہتر بنانے میں ہم اساتذہ اور والدین کی مُفید آراء کے منتظر رہیں گے۔


**Helpline**
**+923363-008-008**

For your suggestions and feedback,
write us at: **info@bookmark.com.pk**

**Follow us on:**

**/BookmarkPublishing**
**/bookmarkpublishingpak**
**/infobookmark**
**/bookmarkpublishing**
**/bookmarkpublishing**
**www.bookmark.com.pk**